ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (359)

مورخہ 03.07.24

**بہاول پور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 11 ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد۔ جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جارہا ہے، ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ کینٹ اور تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 06 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 24 بوتلیں ولائتی شراب، 50 عدد ٹن پیک اور 716 لیٹر دیسی شراب اور 02 عدد چالو بھٹیاں برآمد کرلیں۔اسی طرح تھانہ دھوٹ کوٹ پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 02 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 100 گرام کرسٹل آئس برآمد کرلی۔ جبکہ تھانہ عباس نگر، صدر احمد پور شرقیہ اور تھانہ نوشہرہ جدید پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے 04 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 04 عدد پسٹل 30 بور برآمد کرلئے۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کردی۔اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((360

مورخہ 03.07.24

**بہاولپور(                )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات، تھانہ صدر یزمان کی حدود میں اندھا قتل ٹریس، تھانہ صدر یزمان پولیس نے جدید اور روایتی طریقہ تفتیش کے بہترین امتزاج سے قلیل وقت میں اندھا قتل ٹریس کر کے ملزمان کو پابند سلاسل کیا۔ ملزم چاہے کتنا ہی شاطر کیوں نہ ہو قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتا، ڈی پی او بہاولپور**

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے ایس ایچ او تھانہ صدر یزمان کو چک نمبر 42/DB کے رہائشی محمد عارف نامی شخص کے قاتل کو گرفتار کرنے کا ٹاسک دیا اور اسپیشل ٹیم تشکیل دی۔ جس پر ایس ایچ او تھانہ صدر یزمان نے اپنی ٹیم کے ہمراہ بہت کم وقت میں اندھے قتل کو ٹریس کر کے ملزمان کو گرفتار کر لیا جس میں مقتول کی بیوی امرینہ بی بی بھی شامل تھی۔ گرفتار ملزم کی شناخت عبداللہ کے نام سے ہوئی جس نے مقتول کی بیوی کے ساتھ مل کر فائر مار کر قتل کیا۔ وجہ عناد یہ تھی کہ قاتل کے مبینہ طور پر مقتول کی بیوی کے ساتھ ناجائز تعلقات تھے اور قاتل مقتول کو بھانجا ہے اور امرینہ بی بی کے ساتھ مل کر مقتول کا کاروبار ہڑپ کرنا چاہتا تھا اور بعد میں دونوں کا دبئی بھاگنے کا ارادہ تھا۔ اس موقع پر ڈی پی او نے بات کرتے ہوئے کہا کہ ملزم چاہے کتنا ہی شاطر کیوں نہ ہو قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتا، کیوں کہ جرم نشان چھوڑ جاتا ہے اور پولیس انویسٹی گیشن کی کامیابی ان نشانوں کی کڑیاں ملاتے ہوئے مجرم تک پہنچنا ہوتا ہے، جس کے لئے پولیس فرانزک ایکسپرٹس، موبائل فون ٹریسنگ سمیت دیگر چیزوں کا سہارا لیتے ہوئے جدید اور روایتی طریقہ تفتیش کے بہترین امتزاج سے ایسے اندھے قتل کو ٹریس کرنے میں کامیاب ہوتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا ایسے گھناؤنے فعل کرنے والوں کو تختہ دار تک پہنچایا جائے گا۔ اس کامیابی پر ڈی پی او نے ایس ایچ او تھانہ صدر یزمان اور ان کی ٹیم کو شاباش دی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات، تھانہ صدر یزمان کی کامیاب کاروائی اندھا قتل ٹریس کر کے ملزمان گرفتار ملزمان گرفتار کر لئے